اطلاع برائے سالانہ اجلاس عام

بلال فائبرز لمیٹڈ کے تمام حصص داران کو بذریعہ نوٹس ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ کمپنی کا 36 واں سالانہ اجلاس عام مورخہ 27 اکتوبر 2022ء بروز جمعرات بوقت صبح 09:00 بجے کمپنی کے رجسٹرڈ آفس واقع A-109، سٹریٹ نمبر 3، کیولری گراؤنڈ لاہور کینٹ، لاہور میں درج ذیل امور کی انجام دہی کے لئے منعقد ہوگا۔

1) کمپنی کے گزشتہ سالانہ اجلاس عام منعقدہ 27 اکتوبر 2021ء کی کاروائی کی توثیق۔

2) سال مختتمہ 30 جون 2022ء کی بابت کمپنی کے سالانہ تنقیح شدہ حسابات بمعہ ان پر ڈائریکٹران و آڈیٹران کی رپوٹس کی وصولی، غور وخوض اور ان کی قبولیت۔

3) 30 جون 2023ء کو ختم ہونے والے اگلے سال کیلئے آڈیٹران کا تقرر اور ان کے صلہ خدمت کا تعین۔

4) چیئرمین کی اجازت سے دیگر امور کی انجام دہی۔

حسب الحکم بورڈ

(محمد اعجاز شاہد)

کمپنی سیکرٹری

لاہور

مورخہ 05 اکتوبر 2022ء

نوٹ:

1- کمپنی کی منتقلی حصص کی کتابیں مورخہ 21 اکتوبر 2022ء تا 27 اکتوبر 2022ء (بشمول دونوں دن) بند رہیں گی۔

2- سالانہ اجلاس عام میں شرکت اور ووٹ دینے کا اہل ممبر پراکسی مقرر کرنے کا اہل ہے۔ پراکسیاں تا آنکہ موثر ہو سکیں، اجلاس عام کے انعقاد کے وقت سے کم از کم 48 گھنٹے قبل کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں لازماً وصول ہو جانی چاہیں۔ پراکسی کو لازمی کمپنی کا ممبر ہونا چاہیے۔

3- CDC کے کھاتہ داران اگر اس اجلاس میں شرکت کے خواہاں ہیں تو اپنے اصل/ مصدقہ کاپی قومی شناختی کارڈ بمعہ پارٹیسپنٹ آئی ڈی اور اپنے CDC اکاؤنٹ نمبر شناخت کیلئے سالانہ اجلاس عام میں ہمراہ لائیں۔ پراکسی کے ساتھ شناختی کارڈ کی تصدیق شدہ کاپی، کھاتے اور پارٹیسپنٹ آئی ڈی نمبر منسلک کریں۔ کارپوریٹ انیٹٹی کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹر کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی معہ نامزد فرد کے دستخط کا نمونہ (اگر پہلے فراہم نہ کئے گئے ہوں) اجلاس عام کے وقت مہیا کرنا ہوگا۔

4- کووڈ-19 کی موجودہ صورتحال کے پیش نظر سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) نے اپنے 17 مارچ 2020ء کے سرکلر نمبر 5، 2020 میں افراد کی بڑے پیمانے پر حفاظت اور فائدے کے لئے کمپنیوں کو ہدایات دی ہیں۔ ایس ای سی پی کے احکامات کو ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے کمپنی نے فیصلہ کیا ہے کہ سالانہ اجلاس عام، حصص داران کے کم سے کم جسمانی تعامل کے ساتھ منعقد کیا جائے جبکہ کورم کی ضرورت کو یقینی بنانے کے لئے ممبران سے درخواست ہے کہ اس سالانہ اجلاس عام میں پراکسیز کے ذریعے حاضری کے لئے جمع ہوں۔

5- کمپنیز ایکٹ 2017ء کے مطابق وہ ممبران جو کسی شہر میں ہوں اور ان کے شیئر ہولڈنگ کل ادا شدہ شیئر کیپیٹل کا کم از کم 10% ہو کمپنی سے مطالبہ کر سکتے ہیں کہ انہیں وڈیولنک کے ذریعے اجلاس میں شرکت کی سہولت دی جائے یہ درخواست شیئر رجسٹرار کے دفتر اجلاس کے انعقاد سے 7 یوم قبل سالانہ رپورٹ میں دیئے گئے فارم پر موصول ہونی چاہئے۔ مذکورہ فارم کمپنی کی ویب سائٹ پر بھی دستیاب ہے۔

6- حصہ داروں سے التماس ہے کہ اگر ان کے پتہ میں کوئی تبدیلی ہو، فی الفور ہمارے شیئر رجسٹرار میسرز کارپ لنک (پرائیوٹ لمیٹڈ، ونگز ارکیڈ 1- کے، کمرشل ماڈل ٹاون، لاہور کو مطلع فرمائیں۔

7- 30 جون 2022ء کو ختم ہونے والے مالی سال کی آڈٹ شدہ رپورٹ کمپنی کی ویب سائٹ www.bilalfibres.com پر رکھی گئی ہے۔